سورۃ الانشقاق (84)

(مکی — کل آیات 25)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انۡشَقَّتۡ (1)

جب آسمان پھٹ جائے گا۔

وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ (2)

اور اپنے رب کا حکم سن لے گا اور وہ اسی لائق ہے۔

وَاِذَا الۡاَرۡضُ مُدَّتۡ (3)

اور جب زمین پھیلا دی جائے گی۔

وَاَلۡقَتۡ مَا فِيۡهَا وَتَخَلَّتۡ (4)

اور جو کچھ اس میں ہے ڈال (اگل) دے گی اور خالی ہو جائے گی۔

وَاَذِنَتۡ لِرَبِّهَا وَحُقَّتۡ (5)

اور اپنے رب کا حکم سن لے گی اور وہ اسی لائق ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الۡاِنۡسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدۡحًا فَمُلٰقِيۡهِ (6)

اے انسان! تو اپنے رب کے پاس پہنچنے تک کام میں کوشش کر رہا ہے پھر اس سے جا ملے گا۔

فَاَمَّا مَنۡ اُوۡتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيۡنِهٖ (7)

پھر جس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں دیا گیا۔

فَسَوۡفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيۡرًا (8)

تو اس سے آسانی کے ساتھ حساب لیا جائے گا۔

وَيَنۡقَلِبُ اِلٰٓى اَهۡلِهٖ مَسۡرُوۡرًا (9)

اور وہ اپنے اہل و عیال میں خوش واپس آئے گا۔

وَاَمَّا مَنۡ اُوۡتِىَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهۡرِهٖ (10)

اور لیکن جس کو نامہ اعمال پیٹھ پیچھے سے دیا گیا۔

فَسَوۡفَ يَدۡعُوۡا ثُبُوۡرًا (11)

تو وہ موت کو پکارے گا۔

وَّيَصۡلٰى سَعِيۡرًا (12)

اور دوزخ میں داخل ہو گا۔

اِنَّهٗ كَانَ فِىۡۤ اَهۡلِهٖ مَسۡرُوۡرًا (13)

بے شک وہ اپنے اہل و عیال میں بڑا خوش و خرم تھا۔

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنۡ لَّنۡ يَّحُوۡرَ (14)

بے شک اس نے سمجھ لیا تھا کہ ہرگز نہ لوٹ کر جائے گا۔

بَلٰٓى ۛۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيۡرًا (15)

کیوں نہیں، بے شک اس کا رب تو اس کو دیکھ رہا تھا۔

فَلَاۤ اُقۡسِمُ بِالشَّفَقِ (16)

پس شام کی سرخی کی قسم ہے۔

وَالَّيۡلِ وَمَا وَسَقَ (17)

اور رات کی اور جو کچھ اس نے سمیٹا۔

وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ (18)

اور چاند کی جب کہ وہ پورا ہو جائے۔

لَتَرۡكَبُنَّ طَبَقًا عَنۡ طَبَقٍ (19)

کہ تمہیں ایک منزل سے دوسری منزل پر چڑھنا ہوگا۔

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (20)

پھر انہیں کیا ہو گیا کہ ایمان نہیں لاتے۔

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۩ (21)

اور جب ان پر قرآن پڑھا جائے تو سجدہ نہیں کرتے۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ (22)

بلکہ جو لوگ منکر ہیں جھٹلاتے ہیں۔

وَاللّـٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ (23)

اور اللہ خوب جانتا ہے وہ جو (دل میں) محفوظ رکھتے ہیں۔

فَبَشِّرْهُـمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (24)

پس انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دے دو۔

اِلَّا الَّـذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَـهُـمْ اَجْرٌ غَيْـرُ مَمْنُـوْنٍ (25)

مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے بے انتہا اجر ہے۔